ہڑدے ئی تلار نوشکے

ABC Certified

Phone: 081-2827824

Fax 081-2827825

براہوئی زبان اٹ شینک مروک آولیکو ہڑدے ئی اخبار

نہاد:05روپئی

سے شنبے 27 اکتوبر 2026ء | 14 جمادی الاول 1448ھ | پنہ غاک:04 | سال:22 | تاک 106

www.talarbrahui.com | http://www.facebook.com/talarpub | talarpub@gmail.com

2 نزوری تے امنا کننگ نا گرج ..... شونگال

2 آسیاب (ناول) (10) ..... حسن ناصر

3 بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ طالب علم آتیکن اہم ءُادارہ اسے

دفتر خارجہ پاکستان

طالبان حکومت ٹی ٹی پی، فتنۃ الخوارج، بی ایل اے وفتنۃ الہندوستان ءِ پناہ تننگ اٹی ءِ

اوغان ڈغار آن کاریم کروک دہشت گرد نیٹ ورک آتا خطرہ غاتے دروغ نا بیانیہ غاتا کمک اٹ ڈکنگ مفک، ترجمان

یو این مانیٹرنگ رپورٹ آک ہم طالبان حکومت نا دہشت گرد تنظیم آتے پناہ تننگ آ گڑتی نا درشانی کرینو، پاکستان تینا وتواجہی، علاقائی سلامتی وشاری تا رکھ اکن حقِ دفاع نا رداٹ المی گام گیج کننگ نا پوروحق تخنگ

اوغان ڈغار آن ڈٹ بندی و مالی کمکاری اٹ مروک آ دہشت گرد جلہو آ تیٹی ہزار آ پاکستانی شہید مسنو، پاکستان تینا شاری تا وسیکورٹی فورس آ پدریسہ جلہو تا مون آ چُپ سلنگ کپک، بیان

اسلام آباد (آن لائن) ترجمان دفتر خارجہ پارینے کہ طالبان حکومت نا ٹی ٹی پی، فتنۃ الخوارج، بی ایل اے وفتنۃ الہندوستان ءِ پناہ تننگ اٹی ءِ۔ ترجمان دفتر خارجہ نا کنڈ آن جاری کروک بیان اٹی پانگا نے کہ پاکستان نا دہشت گردی تو رکارروائی تیٹی شاری تا خلنگ انگ نا دوبہ غاک سٹی ء، گمراہ کن بیانیہ غاک اوغان ڈغار آن کاریم کروک دہشت گرد نیٹ ورک آ تا خطرہ ءِ ڈکنگ کپسہ، طالبان حکومت اوغان ڈغار ءِ پاکستان آ جلہو تیکن کاریم اٹ انگ آن تو تنگ نا زموار ءِ۔ ترجمان پارے کہ یو این مانیٹرنگ رپورٹ آ ک ہم طالبان حکومت نا دہشت گرد تنظیم آتے پناہ تننگ آ گڑتی نا درشانی ءِ کیرہ، طالبان حکومت ٹی ٹی پی، فتنۃ الخوارج، بی ایل اے وفتنۃ الہندوستان تون اوار دہشت گرد تنظیم آتے پناہ تننگ اٹی ءِ۔ ترجمان دفتر خارجہ پارے کہ اوغان ڈغار آن ڈٹ بندی و مالی کمکاری اٹ مروک آ دہشت گرد جلہو آ تیٹی ہزار آ پاکستانیک شہید مسنو، پاکستان تینا شاری تا وسیکورٹی فورس آ تیا پدریسہ جلہو تا مون آ چُپ سلنگ کپک، پاکستان نا کارروائیک حقِ دفاع نا رداٹ و گڈ یکو کسر نا دروشم اٹی کننگار، پاکستانی کارروائیک اوغانستان اٹی بیرہ دہشت گرد آتیا و اوفتا لاجسٹک ہند آتیا کننگار۔ ترجمان مستی پارے کہ پاکستان خطرہ نا سوب آن ورندی ٹی کارروائی کرے و احتیاط وفرق انا اصول آتیا عمل کرے، جہانی برادری اوغان طالبان حکومت ءِ یو این سلامتی کونسل نا قرارداد آتیا عملدرآمد نا پابند جوڑ کے، وفغان ڈغار ءِ دہشت گردی کن کاریم اٹ انگ آن تو تنگ اوغان طالبان حکومت نا زموار ءِ، پاکستان تینا وتواجہی، علاقائی سلامت وشاری تا رکھ کن المی گام گیج آ تا حق ءِ تخنگ۔

وزیراعظم محمد شہباز شریف

نائیک سیف علی جنجوعہ ہلال کشمیر نا بے مٹ بہادری تے گیرام کپک

آجوئی نا جنگ اٹی کچ ووسیلہ غاتا گمراٹ تموک دشمن نا جلہو آتے بے مٹ دلیری اٹ بے سہب کرے

شہید نائیک سیف علی جنجوعہ وادی کشمیر نا فرزند متنگ نا حق ءِ ادا کرے، کزیہ دے انا تے رداٹ کلہو

اسلام آباد (اے پی پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف پارینے کہ شہید نائیک سیف علی جنجوعہ ہلال کشمیر (نشان حیدر) نا 78 می کزیہ دے آچ آ قوم اونا بے مٹ بہادری و جیرتی شہیدی آ اودے خراج عقیدت پیش کیک، شہید آتا دتر، بہادر ورنا تا ارادگی پکا و مچ آ قوم انا دھرتی تون مہرومریبت وطن نا دفاع، آجوئی وسلامتی نا رکھ ووتواجہی نا ضمانت ءِ۔ دوشنبے نا دے آ پی ایم آفس نا میڈیا ونگ آن شہید نائیک سیف علی جنجوعہ ہلال کشمیر (نشان حیدر) نا 78 می کزیہ دے 26) اکتوبر (2026 آ جاری کلہواٹی وزیراعظم پارے کہ نائیک سیف علی جنجوعہ شہید 1948 اٹی جنگ اٹی لغور دشمن نا جلہو آ تتون مردی اٹ مون تس وآجوئی نا جنگ اٹی کچ ووسیلہ غاتا گمراٹ تموک دشمن نا جلہو آتے بے مٹ دلیری اٹ بے سہب کرے۔ جنگ انا وخت آ ٹھپی متنگ آن پدہم نائیک سیف علی جنجوعہ شہید تینا فوجی دستہ نا بھاز دلیری اٹ کمامداری ءِ کرے و دشمن نا برخلاف آخر یکودم اسکان مون تس وآخر کار شہیدی نا جام ءِ نوش کرے۔ او پارے کہ دھرتی کن سیف علی جنجوعہ نا بھلا قربانی مچ آ قوم اکن گمر نا سوب ءِ۔ او پارے کہ شہید نائیک سیف علی جنجوعہ وادی کشمیر نا فرزند متنگ نا حق ءِ ادا کرے، اونا تاریخی قربانی اونا وطن تون بے کچ مہرومریبت نا شاہدی ءِ۔ وزیراعظم پارے کہ شہید آتا دتر، بہادر ورنا تا سوگوآ ارادگی و مچ آ قوم انا دھرتی تون مہرومریبت بے شک وطن نا دفاع، آجوئی و سلامتی نا رکھ انا ضمانت ءِ۔ او پارے کہ مچ آ قوم کل شہید آتا جوزہ حب الوطنی و جانفشانی ءِ سلام پیش کیک۔ اللہ تعالی کل وطن نا شہید آتا درجہ غاتے بڑز کے۔

پاکستان نا سعودی عرب آ حوثی یاغی تا بیلسٹک میزائل جلہو نا مذمت

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان سعودی عرب آ حوثی یاغی تا بیلسٹک میزائل جلہو آ تا سخت انگالوز آتے ٹی مذمت ءِ کرینے و ترجمان دفتر خارجہ پارینے کہ حرمین شریفین نا رکھ وسعودی عرب نا دفاع وسلامتی کن پوروحق تھی نا دوارگی ءِ کینہ۔ اسہ بیان اسے ٹی ترجمان دفتر خارجہ پارے کہ حوثی یاغی تا کنڈ آن مکہ و مدینہ نا علاقہ غاتے شت کننگ نا مذمت ءِ کینہ۔ حوثی جلہو آ ک سعودی عرب نا وتواجہی و علاقائی سلامت نا خلاف ورزی ءُ۔ مقدس ہند آ تا حرمت وشاری تا سلامتی ءِ خطرہ ٹی شاغنگ نا سخت انگالوز آتے ٹی مذمت کننگ۔

ٹرمپ ایران آ پوسکن ودمدستی اسیجائی جلہو نا اسرائیلی خواست ءِ منتو

واشنگٹن (ویب ڈیسک) سی این این نا رداٹ 2 امریکی کمامدار و اسرائیلی سکیورٹی نا اسہ وڑ اس پاش کرینے کہ نیتن یاہو ایران نا برخلاف پوسکن آ جلہو کننگ کن پدریسہ زور شاغنگ اٹی ءِ، اسرائیل ایران آ پوسکن و دمدستی جلہو کن امریکہ ءِ راضی کننگ کن تدوک آ مچ آ ہفتہ امریکی کمامدار آ تون لابنگ کرے، ولے صدر ٹرمپ وایلو سینئر امریکی کمامدار آ ک داڑا راضی متوس۔ حوالی نا رداٹ ٹرمپ انتظامیہ دا ہیت ءِ پارسا اسرائیل نا ہیت ءِ چُپ کرے کہ او داسہ انتظار کیر، المی ءِ اوزوت ایران نا برخلاف اسیجائی آپریشن کن رضامند مریرہ۔ حوالی نا رداٹ پوسکن آ جلہو تیکن امریکہ نا راضی مفتنگ نا اسہ سوب اس اسرائیلی آرمی چیف نا مون آ بروک داخلیس کس کہ ہراٹی پانگاسس کہ ایران آ پوسکن آ جلہو اسرائیل نا کچین کاری تے پد بٹنگ کیک ولے اسرائیلی وزیراعظم نا دفتر دا دعویٰ ءِ دروغ نا حوال گوندانے حوالی دا ہم پارینے کہ اسرائیل امریکہ نا پوسکن آ جلہو تیکن تیار مفتنگ ءِ مجبوری اٹ امنا کرے، انتئے کہ اسرائیل ءِ دا خلیس ءِ کہ اگہ حوثیک تینا میزائل آ تا رُخ ءِ اسرائیل نا کنڈ آ کریر تو اودے المی وڑاٹ تینا دفاع کن امریکہ نا گرج مریک۔

.....کوئٹہ' گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی نا پنجمیکو سینٹ دیوان نا کماشی ءِ کننگ اٹی ءِ

وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان، 28 محکمہ ٹی ای فائلنگ آن پدسمری تا ڈیجیٹلائزیشن نا ہم بنا

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نا سرکاری باندات آتیٹی ترندی وشفافیت ءِ پک کننگ نا پارت نا رداٹ گام گیج متنگ ءِ

محکمہ غاتیٹی ای فائلنگ نا نظام نا رداٹ اسہ لکھ 83 ہزار آن زیات ای فائل آتے سرتننگانے، حوال

کوئٹہ (اے پی پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نا کماشی ٹی سرکاری خدمت آتا فراوانی ٹی کچینی و ڈیجیٹل اصلاحات نا بابت اہم دیوان اس اڈ ہلک' ہراٹی صوبہ نا سرکاری محکمہ غاتیٹی ڈیجیٹل نظام نا نافذ کننگ وانتظامی باندات ءِ پوسکن آ وڑتون ہم گرنج کننگ اٹی مروک آ پیشرفت نا جاچ ءِ ہلنگا۔ دیوان ءِ پانگا کہ بلوچستان نا 28 سرکاری محکمہ غاتیٹی ای فائلنگ نا نظام نا رداٹ اسہ لکھ 83 ہزار آن زیات ای فائل آتے سرتننگانے، وخت اس کہ سرکاری باندات آتے ٹی پین ترندی، شفافیت و کچین فیصلہ سازی کن سمری تا ڈیجیٹلائزیشن نا عمل نا ہم بناءِ کننگانے۔ بنائی ریسہ ٹی 10 سرکاری محکمہ غاتا سمری تے ڈیجیٹل نظام آ گدر یفنگ نا بناءِ کننگانے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی پارت کرینے کہ سرکاری باندات آتے پوسکن ڈیجیٹل نظام آ گدر یفنگ نا عمل اٹی پین ترندی اتنگے وکل تعلقدار محکمہ غاک دا رداٹ تینا زموار ی تے کچین وڑاٹ سرایتر۔ او پارے کہ سرکاری باندات آتے ٹی بے گرج بُرے کننگ ءِ پٹفنگ ووخت آ فیصلہ غاتے پک کننگ المی ءِ تانکہ انتظامی باندات آتے زیات کچین وبھرم تروک جوڑ کننگ مرے۔ وزیراعلیٰ پارے کہ ڈیجیٹل گورننس بیرہ ٹیکنالوجی نا کاریم اٹ انگ نا پن اف بلکن دا سرکاری نظام اٹ شفافیت، ترندی و پرہجو ءِ مون آ دنگ نا اسہ کچین ءِ وڑا سے۔ پوسکن آ ٹیکنالوجی نا کمک اٹ سرکاری باندات آ تا سرتننگ اٹی کچینی انگ آن نئے بیرہ انتظامی کارکرڈ اٹی ودکی مریک بلکن الس ءِ ہم کچین ووخت آ خدمت فراوان کننگ مریک۔ میر سرفراز بگٹی پارے کہ حکومتی کارکرڈ ءِ کچین کننگ کن روایتی وڑ وڈول نا جاگہ غا کچین و پوسکن ڈیجیٹل نظام ءِ تینا کننگ وخت انا اہم گرج ءِ۔ سرکاری فائل وسمری تا ڈیجیٹلائزیشن آن فیصلہ سازی نا عمل ءِ ترند کننگ، بے گرج بُرے ءِ کم کننگ وسرکاری باندات آ تا چاروکی ءِ کچین کننگ اٹ کمک رسینگ۔ وزیراعلیٰ بلوچستان پارت کرینے کہ ڈیجیٹلائزیشن نا عمل اٹ کل تعلقدار محکمہ غاتا نیام اٹ کچین رابطہ کاری وکارکی ءِ پک کننگے تانکہ اصلاحاتی گام گیج آتے پک ہدف آ تا رداٹ مون آ دنگ مرے۔ او داعزم انا درشانی ءِ کرینے کہ پوسکن آ ٹیکنالوجی نا کچین کاریم اٹ انگ نا کمک اٹ صوبائی انتظامی نظام ءِ پین شفاف، فعال والسی گرج آ تتون ہم گرنج کننگ۔

وزیر داخلہ نا کماشی ٹی دیوان، پشین اٹی دفعہ 144 نا فذ کننگ نا فیصلہ

کوئٹہ (یو این اے) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاءاللہ لانگو نا کماشی ٹی پشین اٹی امن وایمنی نا حالیت تون تعلقدار اہم ءُ دیوان اس اڈ ہلک، ہراٹی ضلع اٹی امن وایمنی ءِ برجا تخنگ، السں نا جان و مال انا رکھ و ڈوہدار آ تا برخلاف کارروائی تے پین ترند کننگ نا باندات آ جم سجھنگا۔ دیوان اٹی ضلع پشین اٹی دمدستی وڑ اٹ دفعہ 144 نا فذ کننگ نا فیصلہ ہم کننگا۔ دیوان اٹی چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر ترین، صوبائی اسمبلی نا باسک سید ظفر آغا و اسفندیار کاکڑ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، کمشنر پشین ڈویژن، ڈی آئی جی پشین، ڈی پی او وایلو تعلقدار کمامدار آ ک بشخ ہلکر۔ داوخت آ پشین نا قبائلی متبرو عالم دینک ہم ساڑی نسر۔ دیوان نا وخت آ تعلقدار کمامدار آ ک وزیر داخلہ بلوچستان ءِ پشین اٹی امن وایمنی نا جم حالیت، سیکورٹی بست وبندو مون تروک چیلنج آ تا بابت جم بریفنگ تسر۔

مکہ معاہدہ نا بڑز کو کہولی کمامدار آ تا ایرانی سرکڑدہ غاتتون اوڑدہی پک

اسلام آباد (ویب ڈیسک) مکہ دفاعی معاہدہ نا باسک ملک پاکستان، سعودی عرب وترکیہ نا بڑز کو کمامدار آ ک ایرانی سرکڑدہ غاتتون اوڑدہی کیرہ۔ خبر رساں ایجنسی رائٹرز نا رداٹ پک حوالی نا رداٹ پاکستان، سعودی عرب وترکیہ نا بڑز کو کمامدار آ ک تہران اٹی ایرانی کمامدار آ تتون اوڑدہی کیرہ۔ رپورٹ نا رداٹ پاکستان نا نمائندگی ءِ آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر کیک' سعودی عرب نا نمائندگی ءِ وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان وخت اس کہ ترکیہ نا کنڈ آن ترک انٹیلی جنس نا سروک بشخ ہلیک' خبر ایجنسی نا رداٹ سعودی عرب آ حوثی جلہو تیان پد ایران، سعودی عرب، پاکستان وترکیہ نا نیام اٹی بڑز کو کہول آ دا اولکیو اوڑدہی مریک۔

.....کوئٹہ' وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سمری اٹومیشن نا بابت جاچ دیوان نا کماشی ءِ کننگ اٹی ءِ

بلاول بھٹو نا ڈیرہ اسماعیل خان و بلوچستان اٹی کارروائی تا ستا

اسلام آباد (اے پی پی) پیپلز پارٹی نا چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ڈیرہ اسماعیل خان و بلوچستان اٹی دہشت گرد آ تا برخلاف سرسہب کارروائی تیٹی سیکورٹی فورس آ تے خراج تحسین پیش کرینے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس آن جاری بیان اٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ڈیرہ اسماعیل خان آپریشن اٹی شہیدی نا جام ءِ نوش کروک نا نیک غلام مرتضیٰ وسپاہی تا شیر احمد ءِ خراج عقیدت پیش کرسا شہید آ تا بڑز کو درجہ غاتیکن دعا و اوفتا خاہوت آ تتون است ہسو نی ویجہتی نا درشانی ءِ کرے۔ او پارے کہ دہشت گردی نا برخلاف جنگ اٹی سیکورٹی فورس آ تا بہادری و کسبی لائخی ستا کڑزک۔ بلاول بھٹو زرداری پارے کہ قلعہ سیف اللہ ٹی دہشتگرد کمانڈر نا خلنگ سیکورٹی فورس آ تا کچین کارروائی تا شاہدی ءِ۔ او پارے کہ دہشتگردی نا پوروچٹفنگ و ملک انا امن وسوگوی کن قومی ارادگی نزور مفک۔

مصری پارلیمنٹ نا دو بشخ گیشتری سعودی عرب کن کمک نا منظوری تس

قاہرہ (ویب ڈیسک) مصری صدر عبدالفتاح السیسی تدوک آ ہفتہ پارلیمنٹ آن خواست کریس کہ او حوثی جلہو آ تا برخلاف سعودی عرب نا دفاع کن کارروائی نا منظوری ایتر۔ مصری پارلیمنٹ نا دو بشخ گیشتری سعودی عرب کن عسکری کمک نا منظوری تس۔ مصری پارلیمنٹ تینا فوج ءِ سعودی عرب نا دفاع ٹی کمک فراوان کننگ نا واکداری تسنے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان

پاکستان وامریکہ نا توانائی نا بشخ اٹی تین پہ تینی کمکاری ءِ ودفنگ آ امنا

امریکہ پاکستان نا توانائی نا گرج آتے پوروکننگ کن خوک کمکاری نا خواہندار ءِ، امریکی ناظم الامور

پاکستان نا معدنیاتی بشخ اٹی زرکاری نا بھلو وارخواہی ساڑی ارے، بنجائی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان و امریکہ توانائی نا بشخ اٹی ہڑتوم آ کنڈ آن کمکاری ءِ ودفنگ آ امنا کرینو۔ دا امنائی بنجائی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک تون امریکی ناظم الامور نیٹلی اے بیکر نا اوڑدہی ٹی مس۔ نیامی دے ٹِک نا حالیت آ تا رداٹ پاکستان نا توانائی سلامتی وایندھن نا بے اڑاند فراوانی نا گام گیج آ تیا گپ وتران کننگا۔ امریکی ناظم الامور نیٹلی اے بیکر پارے کہ امریکہ پاکستان نا توانائی گرج آتے پوروکننگ کن خوک کمکاری نا خواہندار ءِ، پاکستان اٹی امریکی کمپنی تیکن کاروباری وارخواہی ودی کننگ المی ءِ، پاکستان وامریکہ نا نیام اٹی مریس وختی توانائی فراوانی نا معاہدہ غاک ہڑتوم آ ملک آ تیکن فائدہ نا سوب منتگ کیرہ۔ پی ایس او و پی ایل ایل نا ایم ڈیز نا امریکی کمپنی تا ایل این جی فراوانی ٹی استخواہی تون تعلقدار دیوان ءِ بریفنگ تننگا و بنجائی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک امریکی ناظم الامور ءِ توانائی گرج آ تا رکھ اکن پاکستان نا گام گیج تیان آ گاہ کرے۔ امریکی ناظم الامور نیٹلی اے بیکر ایندھن نا فراوانی نا حالیت ءِ بھرمی وڑاٹ سنبھالنگ آ پاکستان نا ستاءِ کرے۔ بنجائی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک پارے کہ پاکستان تینا توانائی گرج آ تا رکھ اکن سنبرینگوک ءِ، پاکستان وامریکہ نا ٹیمک توانائی نا بشخ اٹی کمکاری نا پوسکن آ وارخواہی تے پٹنگ اٹی ءُ، پاکستان نا ریفائنری تا اپ گریڈیشن نا ڈٹ آ ک امریکی مالیاتی ادارہ غاتیکن زرکاری نا وارخواہی فراوان کننگ کیرہ۔ بنجائی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک امریکی کمپنی تے پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم اٹی بشخ ہلنگ نا سلہ خلک و پارے کہ پاکستان نا معدنیاتی بشخ اٹی زرکاری نا بھلو وارخواہی ساڑی ءُ، امریکی کمکاری وتین پہ تینی رابطہ غاتا شون تننگ پاکستان نا مریس وختی توانائی سلامتی ءِ سوگو جوڑ کننگ اٹی کمکار مریک، بنجائی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک توانائی نا بشخ اٹی امریکی کمکاری آ اونا منت واری ءِ ہرفے۔

آصف علی زرداری

صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان

یومِ سیاہ کشمیر کے موقع پر ہم 27 اکتوبر 1947 کے دن کشمیر کے افسوس کے ساتھ یاد کرتے ہیں جب بھارتی فوج سری نگر میں داخل ہوئی اور اس کے ساتھ ہی جموں و کشمیر کی تاریخ کا ایک موجل و دلخراش باب شروع ہوا۔ یہ دن ہمیں کشمیری عوام کی پرعزم خواہشات اور حقِ خودارادیت کے بنیادی اور ناقابلِ تنسیخ حق کے حصول کے لیے ان کی مسلسل جدوجہد کا حوصلہ دیتا ہے۔

گزشتہ آٹھ دہائیوں سے غیر قانونی طور پر بھارت کے زیرِ تسلط جموں و کشمیر کے عوام شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہیں تشدد، جبر اور بنیادی حقوق کی تلفی کے خلاف جدوجہد کا سامنا ہے۔ انصاف، عزت اور آزادی کے حصول کے لیے کشمیریوں کی نسل در نسل قربانیاں ان کی جدوجہد کا حصہ ہیں۔ مشکل حالات کے باوجود ان کا عزم اور حقِ خودارادیت ان کے مقصد کی پائیداری اور مضبوطی کا ثبوت ہے۔

27 اکتوبر 1947 سے غیر قانونی طور پر بھارت کے زیرِ تسلط جموں و کشمیر کے عوام کئی دہائیوں سے سنگین حالات، پابندیوں اور بنیادی حقوق سے محرومی کا سامنا کر رہے ہیں۔ بنیادی آزادیوں پر مسلسل پابندیاں، فوجی موجودگی میں اضافہ، گرفتاریاں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی اطلاعات پر مبنی تشویش کا باعث ہیں۔ یہ صورتحال اس بات کی ضرورت کو اجاگر کرتی ہے کہ عالمی برادری اس معاملے پر مسلسل توجہ دے۔ 5 اگست 2019 کے بعد صورتحال مزید خراب ہوئی جب بھارت نے یکطرفہ طور پر جموں و کشمیر کی آئینی اور قانونی حیثیت تبدیل کرنے کی کوشش کی۔

اس لیے یومِ سیاہ کشمیر محض یاد منانے کا دن نہیں، بلکہ جموں و کشمیر کے تنازعے کے پُرامن اور منصفانہ حل کے عزم کی تجدید کا موقع بھی ہے۔ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن، استحکام اور خوشحالی کا گہرا تعلق اس دیرینہ تنازعے کے حل سے ہے۔ یہ حل اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہونا چاہیے۔

اس اہم موقع پر عالمی برادری، بالخصوص اقوامِ متحدہ اور بین الاقوامی انسانی حقوق کی تنظیموں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ غیر قانونی طور پر بھارت کے زیرِ تسلط جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لیں، کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کی کوششوں کی حمایت کریں اور جموں و کشمیر کے تنازعے کے منصفانہ، پُرامن اور دیرپا حل کے لیے موثر کردار ادا کریں۔

پاکستان غیر قانونی طور پر بھارت کے زیرِ تسلط جموں و کشمیر کے عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا۔ ہم ہر مناسب بین الاقوامی فورم پر ان کی آواز بلند کرتے رہیں گے اور ان کی جائز خواہشات کی تکمیل کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

آج ہم کشمیری عوام کی بے شمار قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں اور اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ یکجہتی کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ پاکستان انصاف، امن، عزت اور حقِ خودارادیت کے حصول کی جدوجہد میں ان کے ساتھ کھڑا ہے۔

وہ دن دور نہیں جب جموں و کشمیر کے عوام اپنی خواہشات کے مطابق اپنے مستقبل کا فیصلہ کر سکیں گے اور جموں و کشمیر کا تنازعہ منصفانہ اور پُرامن حل کی جانب بڑھے گا۔

محمد شہباز شریف

وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان

آج کا دن جموں و کشمیر کی تاریخ کے ایک المناک باب کی یاد دلاتا ہے جب 79 برس قبل بھارتی افواج سری نگر میں داخل ہوئیں۔ اس کے اثرات آج بھی اس خطے پر تاریک سائے پھیلائے ہوئے ہیں۔ اس روز سے اب تک جموں و کشمیر کے عوام کو اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں میں تسلیم شدہ، ناقابلِ تنسیخ حقِ خودارادیت کے حصول سے محروم رکھا گیا ہے۔

بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں و کشمیر کے عوام نے بے پناہ مشکلات، مصائب اور جبر کا سامنا کیا ہے۔ اس کے باوجود اپنے بنیادی حقوق کے حصول کے لیے ان کی جرات، ثابت قدمی اور غیر متزلزل عزم میں کوئی کمی نہیں آئی۔ نسل در نسل دی جانے والی قربانیاں، آزادی، وقار اور انصاف کے حصول کے لیے ان کی مستقل مزاجی اور جدوجہد کا روشن ثبوت ہیں۔

بھارت کشمیری عوام کے جائز سیاسی اظہار کو دبانے اور ان کی امنگوں کی ترجمانی کرنے والی آوازوں کو خاموش کرانے کی مکروہ کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ کشمیری سیاسی رہنماؤں، کارکنوں اور انسانی حقوق کے محافظوں کی بے سقور قانونی قید باعثِ تشویش ہے۔ یہ صورتحال قانونی تقاضوں کی پاسداری، بنیادی آزادیوں کا احترام اور جموں و کشمیر کی کھوئی ہوئی عزت کو بحالی کی زیادہ توجہ کے متقاضی ہے۔

5 اگست 2019 سے بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں یک طرفہ اقدامات کا ایک سلسلہ اختیار کر رکھا ہے، جن میں بنیادی آزادیوں پر وسیع پیمانے پر پابندیاں بھی عائد کی گئی ہیں۔

ان اقدامات نے اس علاقے کی سیاسی، قانونی اور آبادیاتی حیثیت کو متاثر کیا ہے اور جن کی جانب عالمی سطح پر سنجیدہ توجہ کی ضرورت ہے۔

پاکستان مسلسل اس بات پر زور دیتا آیا ہے کہ ان اقدامات سے بین الاقوامی قوانین اور اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی قابلِ اطلاق قراردادوں کے مطابق حل کیا جائے۔

جموں و کشمیر کے بارے میں پاکستان کا موقف واضح، مستقل اور اصولی ہے۔ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن و استحکام کا قیام جموں و کشمیر کے تنازعے کے منصفانہ اور پُرامن حل کے بغیر ممکن نہیں، ایسا حل جو اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہو۔

اس موقع پر، میں ان بے شمار کشمیری مرد و خواتین اور بچوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتا ہوں جنہوں نے اپنے حقوق کے حصول کے لیے عظیم قربانیاں دی ہیں۔ ان کی کوششیں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ جبر و استبداد کے ذریعے کشمیری عوام کی امنگوں کو دبایا نہیں جا سکتا۔

یومِ سیاہ، جموں و کشمیر کے موقع پر حکومت اور پاکستان کی عوام، بھارت کے غیر قانونی زیرِ قبضہ جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کرتی ہے۔ پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا اور ہر قومی و بین الاقوامی فورم پر ان کے جائز حقوق کے لیے آواز بلند کرتا رہے گا۔

دعا ہے کہ جموں و کشمیر کے عوام کو پائیدار امن و وقار اور سرحد پر حق مستقبل نصیب ہو اور ان کی امنگیں، بشمول حقِ خودارادیت، پوری ہوں۔

محمد اسحاق ڈار

نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسلامی جمہوریہ پاکستان

یومِ سیاہ جموں و کشمیر کے موقع پر، ہم 27 اکتوبر 1947 کے ان واقعات کو یاد کرتے ہیں جب بھارتی فوج سری نگر میں داخل ہوئی، جس سے جموں و کشمیر کی تاریخ کے ایک طویل اور دردناک باب کا آغاز ہوا۔ تقریباً آدھی صدی گزرنے کے بعد بھی بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں و کشمیر (IIOJK) کے عوام اس پرامن تنازعے کے نتائج بھگت رہے ہیں اور اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں میں تسلیم شدہ اپنے حقِ خودارادیت سے محروم چلے آ رہے ہیں۔

بھارت کے غیر قانونی زیرِ قبضہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے شہید عوام بنیادی آزادیوں پر پابندیوں، سیاسی حقوق کی پامالیوں اور گہرے آلام و مصائب کا سامنا کر رہے ہیں۔ ان تمام تر صعوبتوں کے باوجود، ان کا عزم، شجاعت اور استقامت غیر متزلزل ہے۔ کشمیریوں کی نسلوں کی قربانیوں کی انصاف، امن اور اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کے حق کے لیے مسلسل جدوجہد کی مثال ہے۔

اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل نے جموں و کشمیر پر متعدد قراردادیں منظور کی ہیں جن میں عوام کے مشاورت کے مطابق پرامن تصفیے پر زور دیا گیا ہے۔ پاکستان کا مستقل موقف ہے کہ یہ قراردادیں تنازعے کے حل کے لئے مرکزی ہیں اور اس طویل المدتی تنازع کے منصفانہ، پرامن اور پائیدار تصفیے کے لیے بین الاقوامی برادری کا سرگرم اجتماعی عزم ہے۔

5 اگست 2019 کے بھارتی یکطرفہ اقدام کے بعد مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر بین الاقوامی تشویش میں اضافہ ہوا ہے۔ بعد ازاں کی گئی قانون سازی اور انتظامی اقدامات، بنیادی آزادیوں پر قدغنوں، آبادیاتی اور سیاسی تبدیلیوں، اور کشمیری سیاسی رہنماؤں اور سرگرم کارکنوں کی مسلسل نظر بندی نے مقبوضہ علاقے کے عوام میں عدم تحفظ اور احساسِ محرومی کو مزید گہرا کر دیا ہے۔ ان اقدامات نے بین الاقوامی قوانین اور انسانی حقوق کے متعلقہ عالمی معیار کے تحت سنجیدہ سوالات کو جنم دیا ہے۔

اقوامِ متحدہ کے متعلقہ اداروں اور انسانی حقوق کی تنظیموں سمیت بین الاقوامی برادری نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں شہریوں کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک اور انسانی حقوق کی مجموعی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ یہ خدشات عالمی برادری کی جانب سے مسلسل توجہ اور عملی اقدامات کی ضرورت کو اجاگر کرتے ہیں۔

تاہم، مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام ان شدید مظالم کے باوجود پرعزم ہیں۔ اپنے بنیادی حقوق کے لیے ان کی مسلسل جدوجہد اس بات کی یاد دہانی ہے کہ کسی قوم کی امنگوں کو جبر اور تشدد کے ذریعے نہیں دبایا جا سکتا۔ ان کی قربانیاں اور حقِ خودارادیت کے لئے جدوجہد بین الاقوامی برادری کی توجہ کی مستحق ہے۔

اس موقع پر، پاکستان بین الاقوامی برادری سے اپیل کرتا ہے کہ وہ بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے مصائب کے خاتمے اور ان کے بنیادی حقوق کے احترام کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ جموں و کشمیر تنازع کے پرامن حل کے لیے بین الاقوامی سطح پر مسلسل اور مؤثر کوششیں ناگزیر ہیں۔

پاکستان، بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے لیے، اپنی غیر متزلزل سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔ ہم ہر متعلقہ بین الاقوامی فورم پر ان کی آواز بلند کرتے رہیں گے اور جموں و کشمیر تنازع کے پرامن و منصفانہ حل کی وکالت جاری رکھیں گے۔

انجینئر امیر مقام

وفاقی وزیر برائے امورِ کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران

27 اکتوبر 1947 کے واقعات کی یاد تازہ کرنے کے لیے یومِ سیاہ جموں و کشمیر ہر سال منایا جاتا ہے۔ اس روز بھارتی فوج سری نگر میں داخل ہوئی، جس کے نتیجے میں ایک ایسا طویل تنازعہ شروع ہوا جو 79 سال گزرنے کے باوجود آج تک حل نہیں ہو سکا۔ جموں و کشمیر کی عوام کی مشکلات، قربانیوں اور جدوجہد کو پرامن کے ساتھ ساتھ ان سے کیے گئے بین الاقوامی وعدوں، بالخصوص حقِ خودارادیت کی تجدید کا دن ہے۔

تقریباً آٹھ دہائیوں سے غیر قانونی بھارتی زیرِ قبضہ جموں و کشمیر کے عوام طویل سیاسی بے چینی، بنیادی آزادیوں پر پابندیوں اور انسانی حقوق سے متعلق تلخ سماجی کا سامنا کر رہے ہیں۔ اس کے باوجود کشمیری عوام نے نسل در نسل غیر معمولی ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا ہے اور اپنی شناخت، عزت و وقار اور سیاسی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھی ہے۔ ان کی قربانیاں احترام کے سزاوار اور تحسین کے لائق ہیں اور ان کی آواز کو دبایا نہیں جا سکتا۔

5 اگست 2019 کے بعد ہونے والے واقعات نے منصہ جموں و کشمیر کو مزید تلخی اور تشویشناک صورتحال سے دوچار کر دیا ہے۔ یک طرفہ طور پر آئینی اور انتظامی اقدامات، نقل و حرکت پر پابندیاں، سیاسی سرگرمیوں اور بنیادی آزادیوں پر پابندیاں، خوف و ہراس کی فضا، مواصلاتی رکاوٹیں اور ایسے اقدامات جن سے خطے کی آبادی اور سیاسی حیثیت متاثر ہونے کا خدشہ ہے، کشمیری عوام کے مستقبل کے حوالے سے تشویش میں اضافہ کر رہے ہیں۔ ان اقدامات کو جموں و کشمیر کی حیثیت اور اس تنازع کے بین الاقوامی معاملہ ہونے کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

مسئلہ جموں و کشمیر کے حوالے سے پاکستان کا موقف اصولی اور "مستقل" ہے۔ ہم واضح کر چکے ہیں کہ کوئی بھی یک طرفہ اقدام ایک بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ تنازع کی بنیادی نوعیت کو تبدیل نہیں کر سکتا۔ اس مسئلے کا پائیدار حل پرامن، منصفانہ اور اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہونا چاہیے۔

پاکستان اور بھارت کے درمیان مسلسل کشیدگی کی بھی اس بات کو واضح کرتی ہے کہ جنوبی ایشیا میں عدم استحکام کی بنیادی وجوہات کو حل کرنا کتنا ضروری ہے۔ خطے میں امن کے قیام کے لیے مسلسل سفارتی کوششیں، بین الاقوامی ذمہ داریوں کا احترام اور مسئلہ جموں و کشمیر کے حل کے لیے بامعنی اقدامات ناگزیر ہیں۔ عالمی برادری، بالخصوص اقوامِ متحدہ، کو چاہیے کہ وہ امن کے فروغ اور اس دیرینہ تنازع سے متاثرہ عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے۔

یومِ سیاہ جموں و کشمیر کے موقع پر میں کشمیری عوام کی ان نسلوں کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے بے پناہ مشکلات برداشت کیں اور عظیم قربانیاں دیں۔ میں ان خاندانوں کے ساتھ بھی یکجہتی کا اظہار کرتا ہوں جو آج تک اس غیر حل شدہ تنازع کے اثرات اور مشکلات برداشت کر رہے ہیں۔

وفاقی وزیر برائے امورِ کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران کی حیثیت سے میں حکومتِ پاکستان کی جانب سے غیر قانونی بھارتی زیرِ قبضہ جموں و کشمیر کے عوام کی مسلسل سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت کے عزم کا اعادہ کرتا ہوں۔ ہم کشمیری عوام کے جائز حقوق کے لیے آواز بلند کرتے رہیں گے اور عالمی برادری کے سامنے ان کے مسائل اور خدشات کو اجاگر کرتے رہیں گے۔

یومِ سیاہ جموں و کشمیر صرف ماضی کو یاد کرنے کا دن نہیں بلکہ یہ ہمیں اپنی اجتماعی ذمہ داری کا احساس بھی دلاتا ہے کہ ہم اپنے مستقبل کے لیے کوششیں جاری رکھیں جس میں غیر قانونی بھارتی زیرِ قبضہ جموں و کشمیر کے عوام امن، تحفظ اور عزت و وقار کے ساتھ زندگی گزار سکیں اور انہیں اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کا حق حاصل ہو۔

عطاء اللہ تارڑ

وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات

27 اکتوبر یومِ سیاہ کشمیر ہمیں اس تاریخی دن کی یاد دلاتا ہے جب 1947ء میں بھارتی افواج نے جموں و کشمیر میں داخل ہو کر کشمیری عوام کو ان کے بنیادی حقِ خودارادیت سے محروم رکھنے کے ایک طویل سلسلے کا آغاز کیا۔

کشمیری عوام کی قربانیاں، استقامت اور حقِ خودارادیت کے لیے ان کی جدوجہد تاریخ کا روشن باب ہیں۔ قہر، ظلم اور مشکلات کے باوجود کشمیری عوام کے عزم کو متزلزل نہیں کیا جا سکا۔

پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہے۔ ہم عالمی برادری اور اقوامِ متحدہ پر زور دیتے ہیں کہ وہ کشمیری عوام کو ان کا تسلیم شدہ حقِ خودارادیت دلانے اور مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔

مسئلہ جموں و کشمیر کا منصفانہ اور پائیدار حل اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہی ممکن ہے۔

کشمیری عوام کی جدوجہدِ آزادی میں ان کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں اور اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کی حمایت جاری رکھے گا۔

یومِ سیاہ کشمیر

حقِ خودارادیت کی جدوجہد اور عالمی ضمیر کا امتحان

تحریر: سید مجتبیٰ رضوان

27 اکتوبر کشمیری عوام کی تاریخ کا وہ سیاہ دن ہے جب 1947ء میں بھارتی افواج سری نگر میں داخل ہوئیں۔ یہ دن کشمیری عوام کے لیے دکھ، کرب اور جدوجہد کی علامت بن چکا ہے۔ ہر سال دنیا بھر میں مقیم کشمیری اور پاکستانی اس دن کو یومِ سیاہ کے طور پر مناتے ہیں تاکہ عالمی برادری کو یاد دلایا جا سکے کہ کشمیر کا مسئلہ آج بھی حل طلب ہے اور کشمیری عوام اپنے بنیادی حق، یعنی حقِ خودارادیت، کے حصول کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔

تقسیمِ برصغیر کے وقت ریاست جموں و کشمیر ایک متنازع خطہ بن گئی۔ اس وقت کے حالات، ریاست کے مستقبل سے متعلق فیصلوں اور بھارتی افواج کی آمد نے ایسے تنازعے کو جنم دیا جس کے اثرات آج تک جنوبی ایشیا کی سیاست، امن اور سلامتی پر مرتب ہو رہے ہیں۔ کشمیری عوام کی خواہشات کو مرکزی اہمیت دیے بغیر اس مسئلے کا پائیدار حل ممکن نہیں۔

اقوامِ متحدہ نے کشمیر کے تنازعے پر متعدد قراردادیں منظور کیں، جن میں کشمیری عوام کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دینے کے اصول کو تسلیم کیا گیا۔ پاکستان کا موقف ہے کہ ان قراردادوں پر عمل درآمد کیا جائے اور کشمیری عوام کو آزادانہ طور پر اپنی رائے دینے کا موقع فراہم کیا جائے۔ عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس مسئلے کو محض سفارتی بیانات تک محدود نہ رکھے بلکہ منصفانہ اور پائیدار حل کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔

کشمیر کی جدوجہد صرف ایک خطے کی سیاسی حیثیت کا معاملہ نہیں بلکہ انسانی حقوق، آزادی اور انسانی وقار سے بھی تعلق رکھتی ہے۔ مختلف ادوار میں بھارتی زیرِ انتظام جموں و کشمیر میں گرفتاریوں، نقل و حرکت پر پابندیوں، مواصلاتی بندشوں اور شہری آزادیوں سے متعلق سنگین خدشات سامنے آتے رہے ہیں۔ انسانی حقوق کی تنظیموں اور بین الاقوامی اداروں نے بھی مختلف مواقع پر ان معاملات پر تشویش ظاہر کی ہے۔ ان الزامات اور خدشات کی شفاف تحقیقات اور انسانی حقوق کے بین الاقوامی اصولوں کی پاسداری ضروری ہے۔

5 اگست 2019ء کو بھارت کی جانب سے جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرنے کے فیصلے نے تنازعے کو ایک نئی جہت دی۔ پاکستان نے اس اقدام کو مسترد کرتے ہوئے کشمیری عوام کے حقوق اور خواہشات کو نظر انداز کرنے کے مترادف قرار دیا۔ اس فیصلے کے بعد خطے کی سیاسی صورتِ حال، شہری آزادیوں اور مستقبل کے حوالے سے بحث مزید شدت اختیار کر گئی۔ مسئلے کے حل کے لیے ضروری ہے کہ کشمیری عوام کی حقیقی نمائندگی اور ان کی خواہشات کو اہمیت دی جائے۔

یومِ سیاہ کشمیر ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ آزادی اور انصاف کی جدوجہد آسان نہیں ہوتی۔ کشمیری عوام نے طویل عرصے سے مشکلات برداشت کی ہیں اور اپنے مستقبل کے فیصلے میں شرکت کا مطالبہ برقرار رکھا ہے۔ ان کی قربانیوں اور مشکلات کو سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر انسانی ہمدردی کے نقطۂ نظر سے دیکھنے کی ضرورت ہے۔

پاکستان نے ہمیشہ کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ پاکستان کا موقف ہے کہ مسئلہ کشمیر کا حل اقوامِ متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہونا چاہیے۔ پاکستان عالمی فورمز پر اس مسئلے کو اجاگر کرتا رہا ہے اور انسانی حقوق کی صورتِ حال کی طرف بین الاقوامی توجہ مبذول کرانے کا مطالبہ کرتا ہے۔

تاہم اس مسئلے کے پائیدار حل کے لیے صرف بیانات کافی نہیں۔ پاکستان سمیت تمام متعلقہ فریقوں کو ایسے اقدامات کی حمایت کرنی چاہیے جو کشیدگی میں کمی، مکالمے کے فروغ اور انسانی حقوق کے تحفظ میں مدد دیں۔ تنازعے کے حل کے لیے سنجیدہ مذاکرات، باہمی اعتماد اور بین الاقوامی اصولوں کی پاسداری بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔

عالمی برادری، بالخصوص اقوامِ متحدہ، کو چاہیے کہ وہ کشمیر سے متعلق اپنی قراردادوں اور انسانی حقوق کے اصولوں کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کو مؤثر انداز میں ادا کرے۔ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں سے متعلق شکایات کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جانا چاہیے اور شہریوں کو بنیادی آزادیوں، تعلیم، صحت اور محفوظ زندگی کے مواقع میسر ہونے چاہئیں۔

کشمیر کا تنازعہ جنوبی ایشیا کے امن و استحکام سے بھی گہرا تعلق رکھتا ہے۔ پاکستان اور بھارت دونوں ایٹمی صلاحیت رکھنے والے ممالک ہیں، اس لیے کسی بھی قسم کی کشیدگی پورے خطے کے لیے خطرات پیدا کر سکتی ہے۔ اس حقیقت کے پیشِ نظر ضروری ہے کہ اختلافات کو طاقت کے بجائے مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے حل کرنے کی کوشش کی جائے۔ امن کی کوششیں اسی وقت کامیاب ہو سکتی ہیں جب انصاف، برابری اور عوامی خواہشات کو بنیادی حیثیت دی جائے۔

یومِ سیاہ کشمیر کا پیغام واضح ہے کہ کسی بھی تنازعے کا مستقل حل عوام کی خواہشات کو نظر انداز کر کے ممکن نہیں۔ کشمیری عوام کو اپنے مستقبل کے فیصلے میں حقیقی کردار ملنا چاہیے اور ان کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جانا چاہیے۔ عالمی برادری کو اس مسئلے پر توجہ برقرار رکھتے ہوئے عملی اقدامات کی حمایت کرنی چاہیے۔

27 اکتوبر ہمیں کشمیری عوام کے دکھوں، قربانیوں اور ان کی مسلسل جدوجہد کی یاد دلاتا ہے۔ یہ دن عالمی ضمیر کے لیے بھی ایک سوال ہے کہ کیا آزادی، انصاف اور انسانی حقوق کے اصول ہر قوم کے لیے یکساں اہمیت رکھتے ہیں؟ کشمیر میں پائیدار امن اسی وقت ممکن ہوگا جب تنازعے کا منصفانہ حل تلاش کیا جائے، انسانی حقوق کا احترام کیا جائے اور کشمیری عوام کی جائز خواہشات کو تسلیم کیا جائے۔

/GovtofPakistan
www.moib.gov.pk
وزارتِ اطلاعات و نشریات
حکومتِ پاکستان
URAAN PAKISTAN

کوئٹہ' صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ تون میر سکندر عمرانی اوڑ دہی کننگ اٹی ءِ

سنجاوی، اِرادے ئی مفت آئی کیمپ ایسر، 120 آپریشن سرسہب

سنجاوی (آن لائن) ضلع زیارت نا تحصیل سنجاوی نا سول ہسپتال اٹی 24 و 25 اکتوبر آ اڈ ہلوک اِرادے ئی آسودہی و مفت آئی کیمپ سرسہبی اٹ ایسر مسنے' ہراڑ ان علاقہ نا غریب و حقدار نا جوڑ آتے درگہ غاخن تا جوان طبی آسراتیک دوئی مسر' حوال نارداٹ اِرادے ئی فری آئی کیمپ اٹ جم وڑ اٹ 950 نا جوڑ آتا او پی ڈی کننگا و دار و فراوان کننگا، وخت اس کہ خن تا نظر نا سخت ویل آتیٹی اختہ خن تا 120 نا جوڑ آتا سرسہب آپریشن کننگا' کیمپ اٹ کروک 120 آپریشن تیان 101 نا جوڑ آتا موتیابند (Cataract) نا پوسکنوڑ آپریشن کننگا، ہر افتے ٹی پوسکنوڑ ٹیکنیک نا رد اٹ مصنوعی لینز (IOL) تخنگا۔

پاکستان کشمیری تے تنیا الیپک، صوبائی وزیر فیصل خان جمالی

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی نا بنجائی راہشون و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی پارینے کہ پاکستان کشمیری الس ءِ سختی نا وخت اٹ تنیا الیپک' مچ آ پاکستانی قوم تینا کشمیری ایلم و ایڑ تقون ہم کو پہ سلوک ءِ۔ کشمیری الس نا جہد اٹی پاکستانی قوم اوفتون اوار ءِ و کشمیر نا ویل انا ایسری کن اوفتا مخ تقی برجا سلک۔ اینو مچ آ ملک انا وڑ اٹ بلوچستان نا غیرتی الس کشمیری الس نا مخ تقی ٹی کسر تیا پیش تمانے' داخیال آتا درشانی ءِ او کشمیری الس تون یکجہتی نا درشانی نا وخت آ خبر رساں ادارہ تون ہیت وگپ کرسا کرے۔

.....کوئٹہ' وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ انا تحکمانہ اصلاحات وا ولسر ٹیفنگ نا بابت اڈ بلوک دیوان نا کماشی ءِ کننگ اٹی ءِ

.....لہڑی' صوبائی وزیر صنعت وحرفت سردار کوہیار خان ڈومکی تون علاقہ نا متبر آک اوڑ دہی کننگ اٹی ءُ

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی

بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ طالب علم آتیکن اہم ءُ ادارہ اسے

ادارہ نا بنداوی مسخت طالب علم آتے تعلیم نا گچین وارخواہی فراوان کننگ و مالی ویل آتا تا ایسری ءِ

شہید آتا چنا، اقلیت و ٹرانس جینڈر کمیونٹی ءِ اسکالرشپ فراوانی اہم ءُ گام اسے، بیف انا دیوان آن تران

